do more
feel better
live longer

گلیکسو اسمتھ کلائن کنزیومر ہیلتھ کیئر پاکستان لمیٹڈ

اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا ممبران کو اطلاع دی جاتی ہے کہ درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے کارپوریٹ سپرویژن ڈپارٹمنٹ کی جانب سے 17 مارچ 2020 کو جاری کردہ کے سرکلر نمبر 5 2020 کی تعمیل میں گلیکسو اسمتھ کلائن کنزیومر ہیلتھ کیئر پاکستان لمیٹڈ کا پانچواں (5) سالانہ اجلاس عام مورخہ 20 مئی 2020 بروز بدھ دوپہر 12:00 بجے بذریعہ براہ راست WEBEX ویڈیو لنک، گلیکسو اسمتھ کلائن کنزیومر ہیلتھ کیئر کے ہیڈ آفس 35 ڈاکیارڈ روڈ ، ویسٹ وہارف، کراچی-74000 میں منعقد کیا جائے گا:

عمومی امور

1. کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی حسابات مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹ برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2019 کی وصولی، غور و خوض اور منظوری دینا۔
2. کمپنی کے عمومی شیئرز پر ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے لیے غور و خوض، اس کی منظوری اور اعلان۔ ڈائریکٹرز نے 31 دسمبر 2019 کو ختم ہونے والے سال کے لیے 50 فیصد حتمی کیش ڈیویڈنڈ تجویز کیا ہے (10 روپے کے ہر عمومی شیئر پر 5.00 روپے)۔
3. آئندہ سال کے لیے کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آڈٹ کمیٹی کے مشورے پر میسرز ایلے اینڈ یوسف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے بیرونی آڈیٹرز کے طور پر تجویز کیا ہے۔

دیگر کاروباری امور

1. چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
سمیرہ درخشاں
کمپنی سیکریٹری

کراچی
29 اپریل 2020

نوٹس:

1. کارپوریٹ سیکٹر (194) کے لیے کرونا وائرس کے اثر کو کم کرنے کے لیے ریگولیٹری ریلیف کے حوالے سے بالترتیب 17 مارچ 2020 اور 1 اپریل 2020 کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے سرکلر نمبر 5 اور سرکلر نمبر 10 کی پیروی میں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی صرف بذریعہ WEBEX آن لائن ہوگی۔ WEBEX کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنی سہولت کے مطابق مندرجہ ذیل لنک QR کوڈ یا ای میل ایڈریس پر اپنے نام اور فولیو نمبر کے ساتھ متعلقہ سوالات / تبصرے / تجاویز پوسٹ / ارسال کریں۔ سالانہ رپورٹ بذریعہ ای میل ان شیئر ہولڈرز کو بھیجی جائے گی جن کے ای میل ایڈریس CDC اور شیئر رجسٹرار کے ریکارڈز / ڈیٹا میں موجود ہوں گے۔ سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کی گئی ہے اور شیئر ہولڈرز کے لیے با آسانی قابل رسائی ہے۔ www.pk-consumerhealthcare.gsk.com

اپنے سوالات پوسٹ کرنے کے لیے براہ مہربانی QR کوڈ اسکین کریں یا نیچے دیے گئے لنک پر کلک کریں:

https://pigeonhole.at/GSKAGMCH
ای میل ایڈریس: PK.Shareinfo@gsk.com

سالانہ اجلاس عام کی براہ راست کارروائی میں شرکت کے لیے شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ درج ذیل لنک پر لاگ آن کریں:
اجلاس کے لیے WEBEX لنک
https://gskmeeting.webex.com/gskmeeting/onstage/g.php?MTID=e2eec746bc827dc39a3052490e75a6699

2. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 14 مئی 2020 تا 20 مئی 2020 (بشمول دونوں ایام) حتمی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے حقدار کا تعین کرنے کے لیے بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے آفس بمقام CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی پر 13 مئی 2020 (بروز بدھ) کو کاروباری دن کے اختتام تک موصول ہونے والی درخواستوں کو منافع منقسمہ کی ادائیگی کے لیے بروقت تسلیم کیا جائے گا۔
3. اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل کوئی بھی ممبر اپنی جگہ کسی دوسرے کو اجلاس میں اپنی ایما پر شرکت، اظہار رائے اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی نامزد کر سکتا ہے۔ پراکسی کی نامزدگی کی دستاویز کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے آفس بمقام سینٹرل ڈپازٹری کمپنی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی پر اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کروائی جا سکتی ہے۔
4. شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ رجسٹرڈ پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔
5. مزید CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے بیان کردہ درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

A. اجلاس میں شرکت کے لیے

i. افرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کروائیں گے۔
ii. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی اجلاس میں شرکت کے وقت فراہم کی جائیں گی۔

B. پراکسی کی نامزدگی کے لیے

i. افرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، درج بالا تقاضوں کے تحت پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔
ii. پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی موجود ہونی چاہیے، جن کے نام، پتے، شناختی کارڈ نمبرز فارم میں موجود ہوں۔
iii. بینیفشل اونرز اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔
iv. پراکسی کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔
v. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں کمپنی کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی کے دستخط کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے جمع نہ کروایا گیا ہو) پراکسی فارم کے ساتھ جمع کروانا ہوگا۔
vi. پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے www.pk-consumerhealthcare.gsk.com۔

6. فزیکل شیئرز کے حامل شیئر ہولڈرز کو بھی لازماً اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور / یا شیئر ہولڈر (ہولڈرز) کے CNIC کی کاپی جن کے وہ پراکسی ہیں ہمراہ لانی ہوگی۔ بغیر شناختی کارڈ کے ایسے شیئر ہولڈر / ہولڈرز کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور / یا شیئر ہولڈرز / ممبرز کے رجسٹر میں دستخط کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

7. **NTN / شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروانا (لازمی):**
سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی ہدایت کے مطابق بشمول SRO 831(1)/2012 اور دیگر متعلقہ قوانین، الیکٹرونک ڈیویڈنڈ پر لازمی طور پر رجسٹرڈ شیئر ہولڈر یا مجاز شخص کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر ہونا چاہیے (سوائے نابالغ اور کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کے)۔
کمپنیز (ڈیویڈنڈ کی تقسیم) ریگولیشنز، 2017 کے ریگولیشن نمبر 6 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 243(2) کے مطابق، کسی شیئر ہولڈر یا مجاز شخص کے شناختی نمبر (CNIC یا NTN) کی عدم دستیابی کی صورت میں کمپنی شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے کی پابند ہوگی۔
اسی طرح انفرادی ممبرز جنہوں نے اب تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کمپنی شیئر رجسٹرار کے پاس جمع نہیں کروائی ہے ان سے ایک مرتبہ پھر درخواست کی جاتی ہے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی جلد از جلد براہ راست کمپنی شیئر رجسٹرار کو سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی پر بھجوا دیں۔ کارپوریٹ اداروں سے درخواست ہے کہ وہ نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) اور فولیو نمبر مع مجاز نمائندے کی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی فراہم کریں۔

8. **الیکٹرونک موڈ کے ذریعے کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی (لازمی)**
کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 اور کمپنیز ریگولیشنز (ڈیویڈنڈ کی تقسیم) 2017 کے مطابق لسٹڈ کمپنی کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو صرف الیکٹرونک طریقے سے کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی براہ راست شیئر ہولڈر کی طرف سے تجویز کردہ بینک اکاؤنٹ میں کرے۔
ڈیویڈنڈ براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں وصول کرنے کے لیے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ فزیکل شیئرز کی صورت میں کمپنی کی ویب سائٹ یعنی کہ www.pk-consumerhealthcare.gsk.com پر موجود "ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم" پُر کریں اور اس پر اپنے دستخط کرنے کے بعد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی پر ارسال کریں۔
شیئرز سی ڈی سی میں ہونے کی صورت میں "ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم" کو لازمی طور پر براہ راست شیئر ہولڈرز کے بروکر / شرکت کنندہ / سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز جمع کروائیں۔

9. **سی ڈی / ڈی وی ڈی / یو ایس بی یا کسی بھی دیگر میڈیا کے ذریعے سالانہ آڈٹ اکاؤنٹس کی ترسیل**
SECP نے اپنے SRO 470(1)/2016 بتاریخ 31 مئی 2016 کے ذریعے کمپنیز کو اجازت دی ہے کہ وہ سالانہ بیلنس شیٹ، منافع اور نقصان کا اکاؤنٹ، آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ وغیرہ ("سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس") اپنے اراکین کو سی ڈی / ڈی وی ڈی / یو ایس بی کے ذریعے ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کریں۔ مذکورہ بالا کی روشنی میں، کمپنی نے 20 نومبر 2017 کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام میں اس حوالے سے شیئر ہولڈرز سے منظوری حاصل کر لی ہے۔ کمپنی نے اپنی سالانہ رپورٹ 2018 اپنے شیئر ہولڈرز کو سی ڈی کی شکل میں ارسال کر دی ہے۔ کوئی بھی ممبر جو سالانہ رپورٹ پرنٹ شدہ یا الیکٹرونک فارمیٹ پر بذریعہ ای میل حاصل کرنے کا خواہش مند ہو اپنی درخواست کمپنی کی ویب سائٹ www.pk-consumerhealthcare.gsk.com پر منسلک "اسٹینڈرڈ درخواست فارم" کو استعمال کرتے ہوئے ارسال کر سکتا ہے۔ ممبرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ SECP SRO 787(1)/2014 بتاریخ 8 ستمبر 2014 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223(6) کے مطابق، آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس اور سالانہ اجلاس عام کا نوٹس الیکٹرونک فارمیٹ میں بذریعہ ای میل ارسال کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔
ممبرز اس کی ہارڈ کاپی کے لیے درخواست دے سکتے ہیں جو بلا معاوضہ درخواست کی وصولی کے سات (7) یوم کے اندر فراہم کی جائے گی۔

10. **ڈیویڈنڈ انکم پر ود ہولڈنگ ٹیکس میں کٹوتی**
براہ مہربانی یاد رکھیں کہ انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 اور فنانس ایکٹ 2017 کے تحت منافع منقسمہ پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی فائلر اور نان فائلر کے لیے قانون کے مطابق کٹوتی کی جائے گی۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی طرف سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں ود ہولڈنگ ٹیکس کا حساب فائلر / نان فائلر کے لیے پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے لیے ان کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر علیحدہ علیحدہ کیا جائے گا۔
اس حوالے سے تمام شیئر ہولڈرز جو جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے ساتھ شیئرز کے حامل ہیں، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو اپنے شیئرز کے سلسلے میں پرنسپل شیئر ہولڈرز اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کی شیئر ہولڈنگ کا تناسب تحریری طور پر فراہم کریں:

فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	کل شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈر		جوائنٹ شیئر ہولڈر	
		نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)

نوٹس:

ا۔ درکار معلومات ہمارے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو 13 مئی 2020 تک موصول ہو جانی چاہیے، بصورت دیگر یہ تصور کیا جائے گا کہ شیئرز پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر کے درمیان مساوی طور پر موجود ہیں اور اسی لحاظ سے ٹیکس منہا کیا جائے گا۔
ب۔ لہذا شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ براہ مہربانی ایف بی آر کی ویب سائٹ http://www.fbr.gov.pk پر موجود ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) سے اپنا فائلر اسٹیٹس چیک کریں اور یقینی بنائیں کہ ان کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ / پاسپورٹ نمبر شرکت کنندہ / انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا شیئر رجسٹرار (فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں) کے ذریعے ریکارڈ کیا گیا ہے۔ کارپوریٹ باڈیز (غیر انفرادی شیئر ہولڈرز) یقینی بنائیں کہ ان کا نام اور نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) ایف بی آر کی ویب سائٹ پر موجود ATL میں موجود ہوں اور متعلقہ شرکت کنندہ / انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا فزیکل شیئرز کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس ریکارڈ ہوں۔
ج۔ ڈیویڈنڈ کی آمدنی پر ود ہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ صرف اسی صورت میں دیا جائے گا جب موثر ٹیکس ایگزیمپشن سرٹیفکیٹ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو 13 مئی 2020 تک مہیا کر دیا جائے۔

11. **غیر کلیم شدہ منافع منقسمہ / شیئرز**
کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے مطابق جاری ہونے والا کوئی بھی شیئرز یا کمپنی کی طرف سے اعلان کردہ کوئی بھی منافع منقسمہ، جو واجب الادا ہونے کے بعد تین (3) سال کے عرصے تک غیر کلیم شدہ / ناقابل ادا ہیں، وہ شیئر ہولڈرز کو کلیم دائر کرنے کے لیے نوٹس جاری کرنے کے بعد فیڈرل گورنمنٹ کے کریڈٹ کے لیے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے پاس جمع کروانے ہوں گے۔ شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان غیر کلیم شدہ منافع منقسمہ کے کلیم اور شیئرز فوری طور پر درج کیے جائیں۔ اگر کوئی کلیم دائر نہیں کیا گیا ہے تو، کمپنی غیر کلیم شدہ / واجب الادا رقم اور شیئرز فیڈرل گورنمنٹ کے پاس کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244(2) کی تعمیل میں جمع کروائے گی۔

12. **پوسٹل بیلٹ / ای-ووٹنگ**
کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق، ڈائریکٹرز کے انتخاب اور دیگر ایجنڈا آئٹم کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کی ضروریات کے مطابق قانونی طور پر 10 فیصد یا اس سے زائد شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبران مذکورہ بالا ریگولیشنز میں شامل شرائط کے تحت بذریعہ پوسٹل بیلٹ اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں یعنی ڈاک یا ای-ووٹنگ کے ذریعے۔

13. **ویڈیو کانفرنس کی سہولت**
کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 132(2) کے مطابق ممبران ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔
کمپنی اجلاس کے شہر کے علاوہ کسی دوسرے جغرافیائی مقام پر مقیم مجموعی 10 فیصد یا اس سے زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبر سے اجلاس سے سات (7) دن قبل ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کی رضامندی حاصل کرتی ہے تو کمپنی اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی کی صورت میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گی۔ اس سلسلے میں براہ مہربانی درج ذیل فارم پُر کریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر سالانہ اجلاس عام سے سات (7) روز قبل جمع کروائیں۔ کمپنی تمام تر ضروری معلومات کے ساتھ ممبرز کو سالانہ اجلاس عام سے کم از کم 5 روز قبل ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام سے آگاہ کرے گی تاکہ وہ اس سہولت تک رسائی حاصل کر سکیں۔

میں / ہم ________ کے ________ گلیکسو اسمتھ کلائن کنزیومر ہیلتھ کیئر پاکستان لمیٹڈ کے ممبر اور رجسٹرڈ فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ________ کے مطابق ________ عمومی شیئرز کے حامل ہونے کے ناطے ________ پر ویڈیو کانفرنس کا انتخاب کرتے ہیں۔

____
دستخط شیئر ہولڈر